بسم اللہ الرحمن الرحیم

# گیلے ناپاک کپڑوں پر استری کی تو استری کو پاک کیسے کریں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

جس استری سے گیلے ناپاک کپڑوں کو استری کیا گیا ہو اس استری کو پاک کرنے کا کیا طریقہ ہے، استری کی وہ جگہ میٹل یا لوہے کی ہے. جس جگہ سے کپڑوں کو استری کیا گیا تھا؟

## جواب

گرم استری پر کوئی پتلی نجاست لگی ہو اور استری گرم ہونے کے سبب نجاست کا اثر زائل ہو جائے تو استری پاک ہے، مزید کسی عمل کی حاجت نہیں۔ البتہ گرم نہ ہو تو تر کپڑے سے اچھی طرح پونچھ لیا جائے، پاک ہو جائے گی، دھونے کی ضرورت نہیں، جبکہ اس حصے پر زنگ وغیرہ نہ ہو۔

بہار شریعت میں ہے: ”لوہے کی چیز جیسے چُھری، چاقو، تلوار وغیرہ جس میں نہ زنگ ہو نہ نقش و نگار نجس ہو جائے، تو اچھی طرح پونچھ ڈالنے سے پاک ہو جائے گی اور اس صورت میں نَجاست کے دَلدار یا پتلی ہونے میں کچھ فرق نہیں۔ یوہیں چاندی، سونے، پیتل، گلٹ اور ہر قسم کی دھات کی چیزیں پونچھنے سے پاک ہو جاتی ہیں بشرطیکہ نقشی نہ ہوں اور اگر نقشی ہوں یا لوہے میں زنگ ہو تو دھونا ضروری ہے پونچھنے سے پاک نہ ہوں گی۔“ (بہار شریعت، ج 1، حصہ 2، ص 400، مکتبۃ المدینہ)

مزید اسی میں ہے: ”تنور یا توے پر ناپاک پانی کا چھینٹا ڈالا اور آنچ سے اس کی تری جاتی رہی اب جو روٹی لگائی گئی پاک ہے۔“ (بہار شریعت، ج 1، حصہ 2، ص 402، مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2556

تاریخ اجراء: 07 ربیع الآخر 1447ھ / 01 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net